# 10th English New Course NBF: EnglishKeys Academy

## Chapter 01: Animal Rights in Islam

## اسلام میں جانوروں کے حقوق

| Word | Meaning | Synonyms | Antonyms |
|---|---|---|---|
| Paramount | انتہائی اہم | Supreme, Primary, Overriding | Insignificant, Minor, Unimportant |
| Compassion | ہمدردی | Empathy, Mercy, Kindness | Cruelty, Indifference, Harshness |
| Sentient | باشعور | Conscious, Aware, Responsive | Unaware, Insensible, Inanimate |
| Fostering | فروغ دینا | Encouraging, Promoting | Discouraging, Suppressing |
| Harmonious | پرامن | Peaceful, Cooperative | Chaotic, Conflicting, Hostile |

Animal rights are of paramount importance as they reflect our moral responsibility and compassion towards sentient beings that share our planet. Acknowledging and respecting the rights of animals is essential for fostering a harmonious coexistence. Animals, like humans, experience pain, joy, and the desire for a life free from unnecessary suffering.

جانوروں کے حقوق نہایت اہمیت کے حامل ہیں کیونکہ یہ ہماری اخلاقی ذمہ داری اور ان باشعور مخلوقات کے لیے ہمدردی کی عکاسی کرتے ہیں جو ہمارے ساتھ اس زمین پر رہتی ہیں۔ جانوروں کے حقوق کو تسلیم کرنا اور ان کا احترام کرنا ایک پرامن بقائے باہمی کے فروغ کے لیے ضروری ہے۔ جانور بھی انسانوں کی طرح درد، خوشی اور ایک تکلیف سے پاک زندگی کی خواہش رکھتے ہیں۔

| Word | Meaning | Synonyms | Antonyms |
|---|---|---|---|
| Concern | تشویش | Worry, Anxiety, Interest | Indifference, Calmness, Disregard |
| Comprehensive | جامع، مکمل | Complete, All-inclusive | Incomplete, Limited, Partial |
| Profound | گہرا، عمیق | Deep, Intense, Thoughtful | Superficial, Shallow, Light |
| Responsibility | ذمہ داری | Duty, Obligation | Irresponsibility, Negligence |
| Advent | آغاز، آمد | Arrival, Beginning, Coming | End, Departure, Conclusion |

Animal rights have been a subject of growing concern across the world, but Islam, as a comprehensive way of life, addresses this issue with a profound sense of compassion and responsibility towards all living beings. To understand the importance of animal rights in Islam, it is essential to examine the treatment of animals before the advent of Islam in the Arabian Peninsula.

جانوروں کے حقوق دنیا بھر میں بڑھتی ہوئی تشویش کا موضوع رہے ہیں، لیکن اسلام، جو ایک مکمل ضابطہ حیات ہے، اس مسئلے کو تمام جانداروں کے لیے گہری ہمدردی اور ذمہ داری کے جذبے کے ساتھ بیان کرتا ہے۔ اسلام میں جانوروں کے حقوق کی اہمیت کو سمجھنے کے لیے ضروری ہے کہ اسلام کی آمد سے قبل جزیرہ نما عرب میں جانوروں کے ساتھ سلوک کا جائزہ لیا جائے۔

| Word | Meaning | Synonyms | Antonyms |
|---|---|---|---|
| Mistreated | بدسلوکی کا نشانہ بنایا گیا | Abused, Harmed, Oppressed | Cared for, Respected |
| Nomadic | خانہ بدوشی | Roaming, Wandering | Settled, Stationary, Permanent |

EnglishKeys Academy

Written by: Naeem Haider, Director EnglishKeys Academy
(M.Phil. English (gold medal), M.A English (Silver medal), MA TEFL, B.Ed. M.A. Urdu, M.A. Islamiat, EMI (UK), TEYL (USA)
*For regular classes, individual coaching, notes and crash courses, contact EnglishKeys Academy at +92 311 1537563*

| | | | |
|---|---|---|---|
| Sensitivity | حساسیت | Awareness, Responsiveness | Insensitivity, Indifference |
| Welfare | فلاح و بہبود | Well-being, Good, Benefit | Harm, Suffering, Misery |
| Exploitation | استحصال | Abuse, Misuse | Fairness, Protection, Justice |
| Cruelty | ظلم و ستم | Brutality, Harshness | Kindness, Compassion, Mercy |
| Prevalent | عام | Widespread, Common, | Rare, Unusual, Uncommon |
| Tradition | روایت | Custom, Practice, Ritual | Innovation, Modernity |
| Starved | بھوکا مارنا | Famished, Deprived of food | Fed, Nourished, Provided for |

In pre-Islamic Arabia, animals were often mistreated and viewed merely as property. The harsh desert environment and the nomadic lifestyle of the Arabs contributed to a lack of awareness and sensitivity toward the welfare of animals. Exploitation, cruelty, and neglect were unfortunately prevalent practices. They used to tie animals together and kill animals in front of other animals. There were also customs where some body parts of animals were cut while they were still alive. It was also a tradition among some Arab tribes that when the owner or the rider of an animal died, his riding animal was tied to his grave and was starved to death.

قبل از اسلام عرب میں جانوروں کے ساتھ اکثر بد سلوکی کی جاتی تھی اور انہیں صرف ایک ملکیت کے طور پر دیکھا جاتا تھا۔ سخت صحرائی ماحول اور عربوں کی خانہ بدوش طرزِ زندگی نے جانوروں کی فلاح و بہبود کے بارے میں شعور اور حساسیت کی کمی کو جنم دیا۔ استحصال، ظلم و ستم اور نظر اندازی بد قسمتی سے عام رواج بن چکے تھے۔ وہ جانوروں کو آپس میں باندھ دیتے تھے اور ایک جانور کے سامنے دوسرے جانور کو ذبح کرتے تھے۔ بعض رسوم میں جانوروں کے زندہ جسموں کے اعضا کاٹ دیے جاتے تھے۔ کچھ عرب قبائل میں یہ رواج تھا کہ جب کسی جانور کا مالک یا سوار مر جاتا، تو اس کے سواری کے جانور کو قبر کے ساتھ باندھ کر بھوکا مار دیا جاتا تھا۔

| Word | Meaning | Synonyms | Antonyms |
|---|---|---|---|
| Advent | آمد، آغاز | Arrival, Beginning, Start | Departure, End, Conclusion |
| Transformative | انقلابی | Revolutionary | Unchanging, Static |
| Numerous | بے شمار | Countless, Many, Abundant | Few, Scarce, Limited |
| Ethical | اخلاقی | Moral, Principled | Immoral, Unethical, Wrong |
| Interconnectedness | باہم تعلق | Interrelation, Connection, | Separation, Isolation |
| Emphasize | زور دینا | Highlight, Stress | Ignore, Downplay |
| Value | قدر، اہمیت | Importance, Worth, | Worthlessness, Insignificance |
| Benefits | فائدے | Advantages, Gains | Harms, Losses, Drawbacks |

The advent of Islam marked a transformative period in the treatment of animals. Numerous references in the Holy Quran and Hadith provide guidance on the ethical treatment of animals. There are more than 200 Ayahs in the Quran dealing with animals and six Surahs of the Quran are named after animals or insects: Surat 2, Al Baqarah (The Cow); Surat 6, Al Anaam (The Cattle); Surat 16, Al Nahl (The Bees); Surat 27, Al Naml (The Ants); Surat 29, Al Ankabut (The Spider); and Surat 105, Al Fil (The Elephant). These verses highlight the interconnectedness of all living beings and emphasize the value and benefits that animals bring to human life.

EnglishKeys Academy

اسلام کی آمد نے جانوروں کے ساتھ سلوک کے حوالے سے ایک انقلابی دور کا آغاز کیا۔ قرآن مجید اور احادیث میں جانوروں کے اخلاقی سلوک سے متعلق بے شمار رہنمائی موجود ہے۔ قرآن مجید میں دو سو سے زائد آیات جانوروں سے متعلق ہیں اور قرآن کی چھ سورتوں کے نام جانوروں یا کیڑوں پر رکھے گئے ہیں: سورۃ البقرہ (گائے)، سورۃ الانعام (مویشی)، سورۃ النحل (شہد کی مکھی)، سورۃ النمل (چیونٹی)، سورۃ العنکبوت (مکڑی)، اور سورۃ الفیل (ہاتھی)۔ یہ آیات تمام جانداروں کے باہم تعلق کو اجاگر کرتی ہیں اور اس اہمیت و فائدے کو نمایاں کرتی ہیں جو جانور انسانی زندگی میں فراہم کرتے ہیں۔

| Word | Meaning | Synonyms | Antonyms |
|---|---|---|---|
| Grazing | چرنے والے | Browsing, Feeding (on grass), Pasturing | Starving, Withholding |
| Livestock | مویشی | Farm animals, Cattle, Herd | Wild animals, Pets |
| Warmth | گرمی | Heat, Comfort, Coziness | Cold, Chill, Discomfort |
| Numerous | بہت سے | Many, Countless, Abundant | Few, Limited, Rare |
| Communities | جماعتیں | Groups, Societies, Assemblies | Individuals, Solitude, Isolation |

"There is not an animal on the earth, nor a bird that flies on its wings, but they are communities like you." (Quran Surah Al-Inaam 6: Ayat 38) -At another place Allah says:
"And the grazing livestock He has created for you; in them is warmth and [numerous] benefits, and from them you eat." (Quran Surah An-Nahl 16: Ayat 5)

"زمین پر کوئی جانور، کوئی پرندہ جو اپنے پروں سے اڑتا ہے، ایسا نہیں جو تمہاری طرح ایک جماعت نہ ہو۔" (سورۃ الانعام 6: آیت 38) اور اللہ تعالیٰ ایک اور مقام پر فرماتا ہے: اور چارپائے جانور اس نے تمہارے لیے پیدا کیے، ان میں تمہارے لیے (سکون) ہے اور بہت سے فائدے ہیں، اور تم ان میں سے کھاتے بھی ہو۔ (سورۃ النحل 16: آیت 5)

| Word | Meaning | Synonyms | Antonyms |
|---|---|---|---|
| Exemplified | عملی مثال پیش کی | Demonstrated, Represented | Concealed, Obscured |
| Emphasized | زور دیا | Highlighted, Stressed | Ignored, Overlooked |
| Compassion | ہمدردی | Mercy, Kindness, Empathy | Cruelty, Harshness, Indifference |
| Kindness | نرمی، شفقت | Gentleness, Benevolence | Harshness, Brutality, Rudeness |
| Forbade | منع کیا | Prohibited, Banned, Restricted | Allowed, Permitted, Approved |
| Sensitive | حساس | Delicate, Tender, Vulnerable | Tough, Insensitive, Resilient |
| Disliked | ناپسند کیا | Hated, Abhorred, Opposed | Liked, Enjoyed, Approved |

Hazrat Muhammad Rasulullah ﷺ, as the final Rasool of Allah, exemplified and emphasized the importance of compassion and kindness towards animals. Hazrat Muhammad ﷺ once said, "Whoever is kind to the creatures of Allah, he is kind to himself." (Sahih Bukhari). Once Hazrat Muhammad ﷺ passed by a man who was dragging a sheep by its ear. He said: "Leave its ear and hold it by the sides of its neck." Pulling an animal by the ears is more painful than pulling it by the neck. Hazrat Muhammad ﷺ forbade beating animals on the face, as the face is more sensitive than other parts, hence it is painful to the animal. It is reported that he disliked making animals fight each other. When animals fight, they hit each other with full strength, which causes pain to both the fighting animals.

حضرت محمد رسول اللہ ﷺ، جو اللہ کے آخری رسول ہیں، نے جانوروں کے ساتھ ہمدردی اور نرمی کی اہمیت کو نہ صرف اجاگر کیا بلکہ خود بھی اس پر عمل کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "جو اللہ کی مخلوق پر رحم کرتا ہے، اللہ اس پر رحم کرتا ہے۔" (صحیح بخاری)۔ ایک مرتبہ آپ ﷺ ایک آدمی کے پاس سے گزرے جو ایک بھیڑ کو کان سے گھسیٹ رہا تھا۔

آپ ﷺ نے فرمایا: "اس کے کان کو چھوڑو اور گردن کے پہلو سے پکڑو۔" کیونکہ کان سے کھینچنا گردن سے زیادہ تکلیف دہ ہوتا ہے۔ آپ ﷺ نے جانوروں کے چہرے پر مارنے سے منع فرمایا، کیونکہ چہرہ زیادہ حساس ہوتا ہے، اس لیے اس پر مارنا زیادہ درد دیتا ہے۔ یہ بھی روایت ہے کہ آپ ﷺ جانوروں کو آپس میں لڑوانا ناپسند فرماتے تھے، کیونکہ وہ پوری طاقت سے ایک دوسرے کو مارتے ہیں، جس سے دونوں کو تکلیف ہوتی ہے۔

| Word | Meaning | Synonyms | Antonyms |
|---|---|---|---|
| Forbade | منع فرمایا | Prohibited, Banned, Restricted | Allowed, Permitted, Approved |
| Mutilating | جسم کے اعضا کاٹنا | Disfiguring, Maiming, Damaging | Healing, Preserving, Restoring |
| Disliked | ناپسندیدہ | Hated, Abhorred, Loathed | Liked, Approved, Admired |
| Painful | تکلیف دہ | Hurting, Agonizing, Distressing | Painless, Easy, Comfortable |
| Mercy | رحم، شفقت | Compassion, Kindness | Cruelty, Harshness, Brutality |
| Slaughter | ذبح کرنا | Butcher, Kill (for food), Sacrifice | Spare, Rescue, Preserve |

Rasulullah ﷺ forbade mutilating animals. Mutilating is an act that is disliked even today. It is painful when using hot iron or other such techniques. A man said to Hazrat Muhammad ﷺ that he was going to slaughter a sheep and then felt sorry for the sheep. The Prophet ﷺ said twice, "Since you showed mercy to the sheep, Allah will show mercy to you."

رسول اللہ ﷺ نے جانوروں کے اعضا کو کاٹنے (مثلاً کان، ناک یا جسم کے حصے) سے سختی سے منع فرمایا۔ آج بھی یہ عمل ناپسندیدہ اور تکلیف دہ سمجھا جاتا ہے، خاص طور پر جب گرم لوہے یا دیگر اذیت ناک طریقے استعمال کیے جائیں۔ ایک شخص نے حضرت محمد ﷺ سے کہا کہ وہ ایک بھیڑ کو ذبح کرنے لگا تھا، مگر پھر اسے اس پر رحم آ گیا۔ رسول اللہ ﷺ نے دو مرتبہ فرمایا: "جس نے بھیڑ پر رحم کیا، اللہ اس پر رحم فرمائے گا۔"

| Word | Meaning | Synonyms | Antonyms |
|---|---|---|---|
| Relieve | آزادی پانا | Ease oneself | Capture |
| Spread out | پھیلانا | Extend, Open, Expand | Fold, Close, Contract |
| Pained | دکھ دینا | Hurt, Distress, Upset | Comforted, Relieved, Soothed |
| Prohibited | منع کیا | Banned, Forbade, Disallowed | Permitted, Allowed, Authorized |
| Confined | قید کیا | Imprisoned, Trapped, Restricted | Freed, Released, Liberated |
| Insects | کیڑے | Bugs, Pests, Arthropods | Mammals, Large animals |
| Punished | سزا دی | Penalized, Reprimanded | Forgiven, Rewarded, Excused |
| Creatures | مخلوقات | Beings, Animals, Living things | Objects, Non-living things |

Hazrat Abd al-Rahman bin 'Abd Allah quoted his father as saying: "When we were on a journey with Rasulullah ﷺ and he had gone to relieve himself, we saw a bird with two young ones. We took the young ones. The bird came and began to spread out its wings. Then Rasulullah ﷺ came and said, 'Who has pained this bird by the loss of her young baby birds? Give her young ones back to her.' Narrated Hazrat Abdullah ibn Abbas: Rasulullah ﷺ prohibited to kill four creatures: ants, bees, hoopoes, and sparrow-hawks. On another occasion, He stated, 'A woman was punished in Hell because of a cat which she had confined until it died. She did not give it to eat or to drink when it was confined, nor did she free it to eat the insects of the earth.' (Sahih Muslim)



EnglishKeys Academy

حضرت عبد الرحمٰن بن عبد اللہ نے اپنے والد سے روایت کیا: "جب ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سفر پر تھے اور آپ قضائے حاجت کے لیے گئے ہوئے تھے، تو ہم نے ایک پرندہ دیکھا جس کے ساتھ اس کے دو بچے تھے۔ ہم نے وہ بچے پکڑ لیے۔ وہ پرندہ آیا اور اپنے پر پھیلانے لگا۔ پھر رسول اللہ ﷺ تشریف لائے اور فرمایا: 'کس نے اس پرندے کو اس کے بچوں کے جدا ہونے کا دکھ دیا؟ اس کے بچے اسے واپس کرو۔ حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے چار مخلوقات کو مارنے سے منع فرمایا: چیونٹی، شہد کی مکھی، ہدہد، اور چیل۔ ایک اور موقع پر آپ ﷺ نے فرمایا: "ایک عورت کو دوزخ میں عذاب دیا گیا کیونکہ اس نے ایک بلی کو قید رکھا یہاں تک کہ 'وہ مر گئی۔ نہ اسے کھانے کو دیا، نہ پینے کو، نہ ہی اسے آزاد کیا کہ وہ زمین کے کیڑے مکوڑے کھا سکے"۔ (صحیح مسلم)

| Word | Meaning | Synonyms | Antonyms |
|---|---|---|---|
| Journey | سفر | Trip, Travel, Expedition | Stay, Settlement |
| Broken | ٹوٹا ہوا | Fractured, Damaged, Injured | Whole, Intact, Healed |
| Welfare | فلاح و بہبود | Well-being, Benefit, Good | Harm, Misery, Neglect |
| Exemplifies | مثال بننا | Demonstrates, Represents, | Hides, Misrepresents, Obscures |
| Mistreatment | بد سلوکی | Abuse, Harm, Oppression | Care, Protection, Respect |
| Immediate | فوری | Instant, Prompt, Swift | Delayed, Deferred, Slow |
| Dignity | عزت، وقار | Respect, Honor, Nobility | Humiliation, Shame, Dishonor |
| Offense | گناہ، جرم | Wrongdoing, Sin, Violation | Virtue, Obedience, Innocence |

Once, while on a journey, Hazrat Muhammad Rasulullah ﷺ came across a dog with a broken leg. He instructed his companions to find the owner of the dog and provide it with food and water. This incident exemplifies the Prophet's ﷺ concern for the welfare of animals, even in seemingly minor situations.

There is a well-known story where a camel complained to Hazrat Muhammad Rasulullah ﷺ about the mistreatment it endured. He took immediate action, demonstrating that animals have the right to be treated with dignity and care. These Hadiths underline his teachings on kindness and responsibility towards animals, emphasizing that cruelty towards them is considered a grave offense.

ایک مرتبہ سفر کے دوران، حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کو ایک ایسا کتا ملا جس کی ٹانگ ٹوٹی ہوئی تھی۔ آپ ﷺ نے اپنے صحابہ کو حکم دیا کہ اس کتے کے مالک کو تلاش کرو اور اسے کھانا اور پانی دو۔ یہ واقعہ ظاہر کرتا ہے کہ آپ ﷺ کو جانوروں کی فلاح و بہبود کی کتنی فکر تھی، چاہے معاملہ معمولی ہی کیوں نہ ہو۔ ایک مشہور واقعہ ہے کہ ایک اونٹ نے حضرت محمد رسول اللہ ﷺ سے اپنی بد سلوکی کی شکایت کی۔ آپ ﷺ نے فوراً اقدام فرمایا، اور یہ ظاہر کیا کہ جانوروں کو بھی عزت اور خیال کے ساتھ رکھا جانا ان کا حق ہے۔ یہ احادیث آپ ﷺ کی تعلیمات کو واضح کرتی ہیں جو جانوروں کے ساتھ نرمی اور ذمہ داری پر مبنی ہیں، اور یہ بھی کہ ان پر ظلم کرنا ایک سنگین گناہ ہے۔

| Word | Meaning | Synonyms | Antonyms |
|---|---|---|---|
| Confined | محدود | Restricted, Narrowed | Free, Unlimited, Open |
| Timeless | لازوال، ابدی | Eternal, Everlasting | Temporary, Short-lived, |
| Universal | عالمگیر | Global, Widespread | Local, Specific, Particular |
| Framework | خاکہ، نظام | Structure, System, Model | Chaos, Disorganization |
| Industrialization | صنعتی ترقی | Mechanization, Urbanization | Simplicity, Rural life |
| Stewardship | نگرانی، سرپرستی | Management, Guardianship | Negligence, Mismanagement |



EnglishKeys Academy

| | | | |
|---|---|---|---|
| Decreed | حکم دینا | Ordered, Declared | Followed, Obeyed |
| Humanely | رحم دلی سے | Compassionately, Kindly, | Cruelly, Harshly, Brutally |

Islam’s teachings on animal rights are not confined to a particular time or place. They provide a timeless and universal framework for ethical behaviour towards animals. In today’s world, where industrialization and modern practices can sometimes lead to the mistreatment of animals, Islamic principles offer guidance on responsible stewardship. Islam not only takes care of mankind but also of animals. Hazrat Muhammad Rasulullah ﷺ decreed that animals shall be treated in a good manner. As they are part and parcel of human society, they shall be treated humanely in all aspects of their lives.

اسلام کی تعلیمات جانوروں کے حقوق کے بارے میں کسی خاص زمانے یا مقام تک محدود نہیں ہیں۔ یہ ایک دائمی اور عالمگیر اصول فراہم کرتی ہیں جو جانوروں کے ساتھ اخلاقی رویے کے لیے رہنمائی مہیا کرتی ہیں۔ آج کی دنیا میں، جہاں صنعتی ترقی اور جدید طرز عمل کبھی کبھار جانوروں کے ساتھ بدسلوکی کا باعث بنتے ہیں، وہاں اسلامی اصول ذمہ دارانہ نگرانی کی ہدایت دیتے ہیں۔ اسلام صرف انسانوں کی ہی نہیں بلکہ جانوروں کی بھی نگہداشت کرتا ہے۔ حضرت محمد رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جانوروں کے ساتھ اچھا سلوک کیا جائے۔ کیونکہ وہ انسانی معاشرے کا حصہ ہیں، اس لیے ان کی زندگی کے ہر پہلو میں ان سے انسانیت کے ساتھ سلوک کیا جانا چاہیے۔

EnglishKeys Academy